2025-03-17

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ امن کی ہر باوقار کوشش کا نتیجہ، مخاصمت اور اعتماد شکنی کی شکل میں برآمد ہوا ہے۔

2- وزیراعظم آج شام نئی دلی میں 10ویں رائے سینا مذاکرات کا افتتاح کریں گے۔

3- حکومت آج، وزیراعظم کی انٹرن شپ اسکیم کا ایک خصوصی ایپ شروع کرے گی۔

4- امریکہ میں ٹرمپ انتظامیہ، پاکستان اور افغانستان سمیت 43 ملکوں کے شہریوں کے خلاف، سفر سے متعلق ایک نئی بندش لاگو کرے گی۔

5- کبڈّی عالمی کپ 2025 آج شام انگلینڈ میں شروع ہوگا۔ بھارتی مردوں کی ٹیم، اٹلی سے مقابلہ کرکے اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔

6- اور کرکٹ میں: رائے پور میں انڈیا ماسٹرز نے ویسٹ انڈیز کو 6 وکٹ سے ہراکر بین الاقوامی ماسٹرز لیگ کا، ٹی ٹوئینٹی کا خطاب جیت لیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Broadcast

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ، امن کو فروغ دینے کی ہر کوشش کا نتیجہ، مخاصمت اور اعتماد شکنی کی شکل میں برآمد ہوا ہے۔ انھوں نے امید ظاہر کی دو طرفہ تعلقات میں بہتری لانے کے لیے، پاکستان کی قیادت، عقل و فہم سے کام لے گی۔

امریکہ میں مقیم مشہور Podcaster اور کمپیوٹر سائنٹسٹ Lex Fridman کے ساتھ ایک بات چیت میں، جناب مودی نے یاد کیا کہ انھوں نے پاکستان کے اپنے ہم منصب نواز شریف کو، 2014 میں اپنی حلف برداری کی تقریب میں خاص طور پر مدعو کیا تھا۔ اُنھیں امید تھی کہ دونوں ممالک ایک نئے باب کا آغاز کریں گے

PM On Pakistan

وزیراعظم نے دہشت گردی کو بڑھاوا دینے میں پاکستان کے دیرینہ رول پر اُس کی نکتہ چینی کی۔

انھوں نے زور دے کر کہا کہ دنیا کو درپیش شکوک و شبہات اب دور ہوگئے ہیں کہ دہشت گردی کی جڑیں کہاں دبی ہوئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان بار بار، دہشت گردی کا مرکز بن کر ابھرا ہے،جس کا زبردست خمیازہ، نہ صرف بھارت کو بلکہ پوری دنیا کو بھگتنا پڑا ہے۔

جناب مودی نے زور دے کہا کہ بھارت، غیر جانبدار نہیں بلکہ امن کے لیے مضبوطی سے عہدبستہ ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ جب بھارت، امن کی بات کرتا ہے، تو دنیا سنتی ہے، کیونکہ یہ گوتم بدھ اور مہاتما گاندھی کی سرزمین ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت کے لوگ، ہم آہنگی کے حامل، اور امن کے خواہاں ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ بھارت اور چین کے درمیان مضبوط رشتے، مستقبل میں جاری رہنے چاہیئیں۔

Podcast کے دوران انھوں نے کہا کہ پڑوسی ملکوں کے مابین اختلافات تو ہوتے ہی ہیں، اور کبھی کبھی نااتفاقیاں بھی ہوتی ہیں، انھوں نے کہا کہ لیکن توجہ اس بات کو یقینی بنانے پر ہے، کہ اختلافات، تنازعات نہ بن جائیں۔

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی طرف سے جناب مودی کو، ایک سخت مذاکراتکار کہے جانے پر انھوں نے کہا کہ یہ صدر ٹرمپ کی فراخ دلی ہے کہ اُنھوں نے اُنھیں، سخت مذاکراتکار کہا اور مختلف پلیٹ فارموں پر ان کی تعریف کی۔ انھوں نے اشارہ دیا کہ جناب ٹرمپ کے لیے، امریکہ مقدم ہے اور اُن کے لیے بھارت مقدم ہے۔

مصنوعی ذہانت AI کے بارے میں وزیراعظم نے زور دے کرکہا کہ اِس شعبے میں دنیا، چاہے کتنے ہی آگے چلی جائے وہ بھارت کے بغیر ادھوری ہے۔

Final PM On AI

وزیراعظم نے مہاتما گاندھی کی قابلیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اُنھوں نے جن شکتی کی طاقت کو پہچانا، اور بھارت کی جِدوجہد آزادی کو ایک عوامی تحریک میں بدل ڈالا۔

انھوں نے کہا کہ اُن کا جو طریقہ ئ کار ہے، اُس کے تحت وہ ہر ایک پہل میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو شامل کرنا چاہتے ہیں، تاکہ یہ، جن بھاگیداری کی شکل میں ایک عوامی تحریک بن جائے۔x

PM Policy

PM Raisina Dialogue

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں 2025 کے رائے سینا مذاکرات کا افتتاح کریں گے۔

نیو زیلینڈ کے وزیراعظم Christopher Luxon، افتتاحی اجلاس میں مہمانِ خصوصی ہوں گے اور کلیدی خطبہ دیں گے۔ یہ تین روزہ رائے سینا مذاکرات آج سے 19 مارچ تک منعقد کیے جائیں گے۔ اِس سال کا موضوع ہے: ”کال چکر - عوام، امن اور کرہئ ارض۔“

اِس موقع پر دنیا کے پالیسی ساز اور سرکردہ دانشور، 6 ذیلی موضوعات پر بات چیت کریں گے، جن میں سیاست میں رخنہ اندازی، منتقل ہوتے ہوئے صحرا، جوار بھاٹے میں اضافہ، ماحولیات کو درپیش تین پیچیدگیوں کا حل-کون، کہاں اور کیسے نیز ڈجیٹل پلانٹ: ایجینٹس، ایجنسیاں اور غیر حاضریاں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

10 ویں رائے سینا مذاکرات میں تقریباً 125 ملکوں کے نمائندے شرکت کریں گے، جن میں وزراء، سابق سربراہانِ مملکت و حکومت، فوجی کمانڈر، سرکردہ صنعت کار، ٹیکنالوجی کے سرکردہ ماہرین، ماہرینِ تعلیم، صحافی، دفاعی اُمور سے متعلق دانشور، سرکردہ دانشورانہ اداروں کے ماہرین اور نوجوان شامل ہیں۔

تین ہزار 500 سے زیادہ افراد اِن مذاکرات میں، ذاتی طور پر شرکت کریں گے، اور ان مذاکرات کی کارروائی دنیا بھر کے لاکھوں لوگ مختلف ڈجیٹل پلیٹ فارمز پر دیکھیں گے۔

رائے سینا مذاکرات، جغرافیائی سیاست اور جغرافیائی اقتصادیات سے متعلق، بھارت کی ایک اعلی کانفرنس ہوتی ہے، جس میں عالمی برادری کو درپیش سب سے زیادہ پیچیدہ معاملات پر بات چیت کی جاتی ہے۔ ہر سال سیاست، تجارت، میڈیا اور سول سوسائٹی کے لوگ، نئی دلی میں جمع ہوتے ہیں، اور جدید ترین دنیا کے بارے میں بات چیت کرتے ہیں، نیز موجودہ دور کے مختلف معاملات پر تعاون کے موقعے تلاش کرتے ہیں-x

سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....................

## New Zealand PM Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں نیو زیلینڈ کے اپنے ہم منصب Christopher Luxon کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ ملاقات کے دوران بھارت، نیو زیلینڈ کے تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا جائے گا۔ جناب Luxon راشٹریہ پتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے۔

وزیراعظم Luxon ممبئی کا دورہ بھی کریں گے جہاں وہ کاروباری افراد کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ جناب Luxon کے دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مستحکم کرنا اور عوام سے عوام کے درمیان سبھی شعبوں میں تعلقات کو مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کرنا ہے۔

نیو زیلینڈ کے وزیراعظم کَل بھارت کے پانچ دن کے دورے پر نئی دلی پہنچے ہیں-x

## Doval Gabbard

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈووال نے کل نئی دلّی میں، امریکہ کی نیشنل انٹیلی جنس کی ڈائریکٹر تُلسی گبارڈ سے ملاقات کی۔

ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں نے بھارت-امریکہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہئ خیال کیا۔ تُلسی گبارڈ، اپنے کثیر ملکی دورے کے حصے کے طور پر بھارت کا دورہ کر رہی ہیں۔ گبارڈ کے ایشیاء دورے کا اختتام کل رائے سینا مذاکرات میں اُن کے خطاب سے ہوگا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے گبارڈ کو رائے سینا مذاکرات میں شرکت کی دعوت دی ہے۔×

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

Nirmala PMIS

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج، وزیراعظم کی انٹرن شپ اسکیم PMIS کا ایک خصوصی ایپ شروع کریں گی۔ اِس کا مقصد، اسکیم کے دوسرے مرحلے کے لیے رجسٹریشن کو آسان بناکر اس میں شامل ہونے والوں کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے۔ اِس ایپ پر درخواستیں 31 مارچ تک قبول کی جائیں گی۔

اِس ایپ کے تحت موبائل فون کے وسیع استعمال میں، اور زیادہ اضافہ کرکے کمپیوٹر تک محدود رسائی کے چیلنج کو دور کرنا ہے، جس سے درخواست دہندگان کے لیے، ایک آسان متبادل فراہم ہوگا۔ ایپ شروع کیے جانے کے ساتھ ساتھ،PMIS کے لیے ایک خصوصی مرکز بھی کولکتہ میں شامل کیا جائے گا۔

یہ مرکز کارپوریٹ امور کی وزارت اور بھارتی صنعت کی کنفڈریشن کے اشتراک سے قائم کیا گیا ہے۔x

MP CM Cheetah

مدھیہ پردیش کے شیو پور کے Kuno نیشنل پارک میں آج مزید 5 چیتے کے بچّے چھوڑے جائیں گے۔

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے سوشل میڈیا پر اعلان کیا کہ جنوبی افریقہ سے لائی گئی مادہ چیتا، گامنی کو Kuno نیشنل پارک میں چھوڑا جائے گا۔ گامنی کے ساتھ اُس کے دو نَر اور دو مادہ بچّے بھی ہوں گے۔ پارک کے کھجوری سیاحتی زون میں جاری تحفظاتی کوششوں میں اِس قدم کو اہم سنگِ میل مانا جا رہا ہے۔×

PM Trump Travel Restrictions

امریکہ میں ٹرمپ انتظامیہ 43 ممالک کے شہریوں پر  نئی سفری پابندیاں عائد کرنے پر غور کر رہی ہے۔ اِن ممالک میں پاکستان، افغانستان اور روس شامل ہو سکتے ہیں۔ سکیورٹی افسران کی جانب سے سفارش کردہ فہرست میں ملکوں پر سفری پابندی عائد کرنے کے مقصد سے اِنہیں تین زمروں، ریڈ، اورینج اور Yellow میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ریڈ لِسٹ میں شامل ہونے کا مطلب امریکہ میں داخلے پر مکمل پابندی ہوگی۔

پاکستان اور روس کو دیگر 10 ممالک کے ساتھ اورینج لِسٹ میں شامل کیا گیا ہے، جن پر مکمل پابندی کی بجائے جزوی سفری بندشیں نافذ ہوں گی۔ اورینج لِسٹ میں میانما، بیلاروس، ہیٹی، لاؤس، اریٹیریا، سیئرا، لِیون، جنوبی سوڈان اور ترکمانستان جیسے ممالک شامل ہیں۔

سفری پابندیوں سے متعلق ڈرافٹ میں افغانستان، ایران، لیبیا، جنوبی کوریا اور بھوٹان کو ریڈ لِسٹ میں رکھا گیا ہے، جس کا مطلب اِن ملکوں کے شہریوں کو ویزا کی مکمل معطلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔×

## Nasa

دو امریکی خلانورد جو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر 9 ماہ سے پھنسے ہوئے ہیں، کَل رات زمین پر واپس آجائیں گے۔

ایک رپورٹ

ناسا نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سنیتا ولیمز اور بُچ وِلمور کو ایک اور امریکی خلا نورد اور ایک روسی خلا نورد کے ساتھ Space X Crew Dragon Craft میں لایا جائے گا۔

یہ دونوں خلا نورد پچھلے سال جون کے مہینے سے ISS پر پھنسے ہوئے ہیں۔

ناسا کے خلا نورد Nick Hague اور الیگزینڈر گوربُونوف بھی ڈریگن کیپسول سے واپس آئیں گے۔

سنیتا ولیمز اور بُچ وِلمور کی یہ صبر آزمائی کا خاتمہ ہوگا کہ وہ 9 ماہ سے خلا میں پھنسے ہوئے ہیں۔

ایشوریا رائے نگم کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....

## SC RG Kar Case

سپریم کورٹ، مغربی بنگال حکومت کی جانب سے چلائے جا رہے کولکاتہ کے RG کر میڈیکل کالج اور اسپتال میں جونیئر ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے واقعے کا از خود نوٹس لینے کے معاملے کی آج سماعت کرے گی۔ چیف جسٹس سنجیو کھنّہ اور جسٹس سنجئے کمار پر مشتمل بنچ آج از خود نوٹس والے اِس معاملے کی سنوائی پھر سے شروع کرے گی۔ پچھلی سماعتوں میں چیف جسٹس کھنّہ کی قیادت والی بنچ نے ملک بھر کے سبھی میڈیکل کالجوں اور اسپتالوں کو ہدایت دی تھی کہ وہ عصمت دری اور قتل کے اِس معاملے پر ہوئے مظاہروں میں شامل ڈاکٹروں اور طبّی پیشہ ور افراد کے خلاف کارروائی نہ کریں، جو ملک کی سب سے بڑی عدالت کی جانب سے کی گئی اپیل کے پر کام پر لوٹ آئے تھے۔×

## Asean Gaming Summit

تین روزہ آسیان گیمنگ سمِٹ فلپنز کے منیلا کے شنگریلا دا فورٹ میں آج سے شروع ہو رہا ہے۔ اِس دوران بدھ کے روز تک چلنے والی انٹرنیشنل گیمنگ کانفرنس میں ایشیاء اور اُس کے باہر کے قریب ایک ہزار 600 شرکاء حصہ لیں گے۔ گیمنگ سمِٹ کے ساتویں ایڈیشن کے دوران آسیان خطّے میں عالمی نکتہئ نظر کے ساتھ اِس صنعت کے بدلتے ہوئے انضباطی فریم ورک کے تحت پیدا ہونے والے نئے امکانات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اِس دوران دنیا بھر سے ریگولیٹرس، پالیسی ساز، آپریٹرس اور صنعتی شراکت دار یکجا ہوں گے اور گیمنگ تفریحی صنعت کی نئی شکل کے نفاذ سے متعلق تبادلہئ خیال کریں گے۔×

## Kabbadi

کبڈّی عالمی کپ 2025 آج شام سے انگلینڈ میں شروع ہوگا۔ اِس دوران مردوں کی بھارتی ٹیم Wolverhampton میں اٹلی کے خلاف آج اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔

ورلڈ کبڈّی کی جانب سے منعقد کیا جانے والا یہ کبڈّی عالمی کپ کا دوسرا ایڈیشن ہے اور یہ پہلی بار ایشیاء سے باہر منعقد ہو رہا ہے۔ دفاعی چیمپئن بھارت، مردوں اور خواتین کے زمروں میں اِس ایڈیشن میں بھی اپنے ورثے کو برقرار رکھنے کی کوشش کرے گا۔ گروپ مرحلے کے مقابلوں میں بھارت کے مردوں کی ٹیم کا مقابلہ اٹلی، اسکاٹ لینڈ، ویلس اور چین سے ہوگا، جبکہ خواتین کی بھارتی ٹیم کا سامنا ویلس اور پولینڈ سے ہوگا۔×

## Cricket

بھارت نے، پہلے انٹرنیشنل ماسٹرس لیگ T-20 کا خطاب جیت لیا ہے۔

کل رات رائے پور میں کھیلے گئے فائنل مقابلے میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے برائن لارا کی ویسٹ انڈیز ماسٹرز نے 7 وکٹ کے نقصان پر محض 148 رن بنائے۔ جواب میں سچن تیندولکر کی قیادت والی انڈیا ماسٹرز ٹیم نے 18 ویں اوور میں یہ نشانہ حاصل کر لیا۔ امبتی رائڈو نے 50 گیندوں میں 74 رن بنائے اور اُنہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔×

## PM Trividad Tobage

جناب Stuart Young کو آج St Ann's کے President House میں Trinidad اور Tobago کے نئے وزیر اعظم کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔ اس وقت وہ توانائی اور توانائی صنعتوں کے وزیر کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ سبکدوش ہونے والے وزیر اعظم ڈاکٹر Keith Rowleyکی جگہ عہدہ سنبھالیں گے۔

کل Peoples Movement کے خصوصی Convention سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر Rowley نے کہا کہ حالانکہ وہ وزیر اعظم کی ذمہ داریوں سے دستبردار ہو رہے ہیں، لیکن Trinidad اور Tobago کے لیے ان کا جذبہ اور لگن برقرار رہے گا۔

جنوری کے اوائل میں ڈاکٹر Rowley نے اپنے اِس ارادے کا اعلان کیا تھا کہ وہ اپنے عہدے کی معیاد ختم ہونے سے پہلے استعفیٰ دیں گے اور اس کے بعد وہ Stuart Yong کے نام کا اعلان، اپنے جانشین کے طور پر کریں گے۔×

## Telegana heat

تلنگانہ ریاست میں جاری گرمی کی صورتحال میں شدت کی وجہ سے 33 میں سے 22 ضلعوں میں زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت 40 ڈگری سیلسیس سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔ تلنگانہ ڈوپلمنٹ پلاننگ سوسائٹی کے اعداد و شمار کے مطابق پچھلے 24 گھنٹوں میں آصف آباد میں سب سے زیادہ 42 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درجہئ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ وہیں ریاستی راجدھانی حیدرآباد میں بھی بڑھتے پارے کا اثر محسوس کیا گیا۔ شہر کے کچھ علاقوں اور مضافات میں زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت 39 اعشاریہ 6 ڈگری درج کیا گیا۔ اِس دوران موسمیات کے محکمے نے تلنگانہ کے کئی ضلعوں میں گرم لہر سے متعلق Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔×

## Odisha Heat

اُڈیشہ کے کئی ضلعوں میں، درجہئ حرارت میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی محکمہئ موسمیات نے آج کے لیے ریاست کے کئی ضلعوں میں گرم لہر سے متعلق وارننگ جاری کی ہے۔ اُڈیشہ کے جھار سُوگُڑا، سنبل پور اور کالا ہانڈی ضلعوں میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ شدید گرمی کی صورتحال سُندر گڑھ، سونے پور، کالا ہانڈی، بودھ اور بولانگیر ضلعوں کے کچھ مقامات پر بھی جاری رہ سکتی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے اِن ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔×

## IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات نے اروناچل پردیش کے دوردراز کے علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور اور میزورم میں آج گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ محکمہئ موسمیات کے مطابق شمال مغربی بھارت میں اگلے تین سے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ اِس دوران زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت 32 ڈگری سیلسیس اور کم از کم درجہئ حرارت 17 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہ سکتا ہے۔ بھارتی محکمہئ موسمیات نے ساحلی گجرات، ساحلی آندھراپردیش اور یانم، شمالی اندرونی کرناٹک

اور گنگائی مغربی بنگال کے دوردراز کے علاقوں میں گرمی اور حبس کے حالات سے متعلق بھی پیشگوئی کی ہے۔×

Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے "پیدائشی کمیاں اور متعلقہ معاملات" کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، نئی دلّی ایمس سے وابستہ، بچوں کے سرجری کے پروفیسر ڈاکٹر Prabudh Goel اور نئی دلّی کے سوامی دیانند اسپتال کے، بچوں اور نو زائدہ بچوں کے علاج کے محکمے کے سربراہ ڈاکٹر سُریندر سنگھ بِشت کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اعظم

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

پرتاپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے کہ پاکستان سے امن عمل کے بدلے دشمنی اور دھوکہ ملا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کے ہر امن کا دشمنی اور غداری سے جواب دیا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس کی ذیلی سرخی ہے: بودولینڈ میں قیام امن کا ایک مضبوط پیغام۔ (امت شاہ)

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کوکرا چھار میں All Bodo Students Union کی 57 ویں سالانہ کانفرنس سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کیا۔

مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج کی یلغار، کئی مکانات نذرِ آتش۔ انقلاب نے اِس خبر کو صفحہئ اوّل پر شائع کیا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے آسیان ممالک کے وزراء دفاع کی میٹنگ بدھ کو، 10 رکن ممالک کے وفود شرکت کریں گے۔

اخبار کی ذیلی خبریں:

* ہندوستان کی اہم سفارتی کانفرنس رائے سینا ڈائیلاگ 17 سے 19 کو منعقد ہوگا۔

* دہلی حج کمیٹی کی افطار پارٹی میں مشترکہ ثقافت و تہذیب کی جھلک وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا، مرکزی وزراء اور کئی معزز شخصیات نے شرکت کی۔

* یکجہتی اور گنگا جمنی تہذیب ہماری رگوں میں پیوست (کوثر جہاں)

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ امن کی ہر باوقار کوشش کا نتیجہ، مخاصمت اور اعتماد شکنی کی شکل میں برآمد ہوا ہے۔

2- وزیراعظم آج شام نئی دلی میں 10ویں رائے سینا مذاکرات کا افتتاح کریں گے۔

3- حکومت آج، وزیراعظم کی انٹرن شپ اسکیم کا ایک خصوصی ایپ شروع کرے گی۔

4- امریکہ میں ٹرمپ انتظامیہ، پاکستان اور افغانستان سمیت 43 ملکوں کے شہریوں کے خلاف، سفر سے متعلق ایک نئی بندش لاگو کرے گی۔

5- کبڈّی عالمی کپ 2025 آج شام انگلینڈ میں شروع ہوگا۔ بھارتی مردوں کی ٹیم، اٹلی سے مقابلہ کرکے اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔

6- اور کرکٹ میں: رائے پور میں انڈیا ماسٹرز نے ویسٹ انڈیز کو 6 وکٹ سے ہراکر بین الاقوامی ماسٹرز لیگ کا، ٹی ٹوئنٹی کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔